
# چُو تھامس

## ''عالمِ اقدس اتنا حقیقی ہے''

### ویڈیو دستاویز کی نقل




**میزبان کی آواز:۔**

چُو تھامس نامی ایک کورین امریکی 1992 میں نئے سرے سے پیدا ہونے والی مسیحی بنی۔ جو بات اِس کہانی کو مُنفرد بناتی ہے وہ یہ ہے کہ اُس کے ایمان لانے کے دو سال بعد چُو کے پاس ناصرۃ کا یسوع مسیح آیا۔ بعد میں اُسے کئی بار عالمِ اقدس پر لے جایا گیا اور دو بار دوزخ دکھائی گئی۔

چُو تھامس نے اپنے تجربات کے بارے میں ایک کتاب لکھی ہے؛ کتاب ''عالمِ اقدس اتنا حقیقی ہے'' کہلاتی ہے اور یہ اکتوبر 2003 میں شائع ہوئی۔

اشاعت کے ایک سال کے اندر ہی وہ کتاب عالمگیر شہرہ آفاق بنی اور اِس کے ساتھ ساتھ امریکہ میں سرفہرست دس مسیحی کیرسمیٹک کتابوں

میں شامل ہوئی۔

کِس طرح ایک سادہ خاتونِ خانہ جو بہت محدود انگریزی جانتی تھی نہ صرف کتاب شائع کرا پائی بلکہ ایک سال کی قلیل مُدت میں عالمگیر شہرہ آفاق بھی بن گئی؟ لیکن بحرحال، ایک حتی کہ اور اہم سوال یہ ہے کہ کیوں یہ رویا اب ہوتی ہیں۔

''عالم اقدس اتنا حقیقی ہے'' اور یہ چُو تھامس کی کہانی ہے۔

**چُو تھامس کی آواز:۔**

''بحرحال۔۔۔۔۔

آسمانی باپ، تیرا شُکر ادا کرتی ہوں کہ تُو نے مُجھے گواہی دینے کی اجازت دی۔ہیلیلو یاہ۔میں1992 میں مسیح پر ایمان لائی اور چند مرتبہ گرجا گھر جانے کے بعد میں حقیقتاً یسوع کی محبت میں گرفتار ہوگئی اور میں اپنے وجود کا ہر ایک پہلو اپنی باقی ماندہ زندگی اُس کے نام کرنا چاہتی تھی۔۔۔پس۔۔۔۔

اور میں مختصراً ایک کتاب جو''عالم اقدس اتنا حقیقی ہے'' کہلاتی ہے کے بارے میں بات کرنا چاہتی ہوں۔خُداوند یسوع خود مُجھے میرے تبدیل شُدہ بدن کے ساتھ سترہ مرتبہ عالم اقدس میں لے گیا جیسے میں کوئی پندرہ یا سولہ برس کی ہوں۔اِس سے قبل اُس نے سب کُچھ مرحلہ وار تیار کیا۔1994 میں اُس نے پاک شعلے سے میرے سارے بدن کو مسح کیا، پھر کوئی ایک ماہ بعد اُس نے کلیسیائی عبادت کے دوران اپنا ظاہری وجود مُجھے دکھایا۔پھر 1995 کے پاشکا کے اتوار کو اُس نے مُجھے کپکپانے والے بدن کے ساتھ مسح کیا اور تب سے گرجا گھر میں دُعا کے دوران میرا بدن کپکپاتا ہے۔آپ دیکھ سکتے ہو کہ میرا بدن آگے پیچھے حرکت کر رہا ہے۔اگر میں ایسا نہ کروں تو میرا معدہ بہت بھاری ہو جاتا ہے اور یوں محسوس ہوتا ہے جیسے یہ پھٹنے لگا ہے، اِسی لئے میں آگے پیچھے حرکت کر رہی ہوں۔پس، مہربانی سے مت سوچئے گا کہ میرے جسم کے ساتھ کوئی مسئلہ ہے۔یہ پاک روح ایسا کروا رہا ہے کیونکہ میں یسوع کے بارے میں بات کر رہی ہوں، اِسی لئے۔اور پھر اِس کے بعد، اُس نے مُجھے پاک روح کا بپتسمہ دیا نئی زبانوں، آسمانی مزامیر، پاک ہنسی کے ساتھ اور مُجھے ایسا تین گھنٹوں کے لئے مسح کیا گیا اور میں فرش پر تھی، میں حرکت نہیں کر سکتی تھی کیونکہ وہ سب بہت شدید قوت کے ساتھ تھا۔اِس کے بعد، کُچھ ماہ بعد، پاسٹر لیری رینڈ ولف نے میرے بارے میں نبوت کی، اور اُس نے بتایا کہ خُدا مُجھے نہایت ہی خاص انداز میں استعمال کرنا چاہتا ہے۔اور اُس کی ساری نبوت ہزاروں مرتبہ زائد پوری ہوئی۔اور اِس کے بعد جنوری 1996 میں خُداوند یسوع، ظاہری وجود کے ساتھ میرے پاس آیا۔اور وہ میرے

پاس کوئی دس مرتبہ یہ بتانے کے لئے آیا کہ وہ کیسے مُجھے استعمال کرنا چاہتا ہے، اور سب باتیں اُس کے منصوبے اور مُجھے یوں بتا رہا تھا جیسے کتاب میں ہے۔ لیکن اُس نے مجھے یہ نہیں بتایا کہ وہ مُجھے عالم اقدس میں لیکر جائے گا۔ پس، کوئی دس بار کے بعد، فروری 1996 میں وہ مُجھے میرے تبدیل بدن کے ساتھ جس طرح اُس کا روح کا بدن تھا میرے بدن کو عالم اقدس میں لے جانے لگا۔ ہر بار مُجھے عالم اقدس میں لے جانے سے قبل وہ مُجھے ساحل پر لے جاتا تھا، دُنیاوی ساحل پر۔ پہلی مرتبہ مُجھے عالم اقدس پر لے جانے سے قبل وہ مُجھے ساحل کے ایک سرے پر لے گیا، اُس نے مُجھے پانی کا سا شفاف نتھا بدن دکھایا، پھر اُس نے مہیب چمکدار سرنگ دکھائی۔ پس، اِس کے بعد وہ مُجھے عالم اقدس پر لے گیا۔

**میزبان کی آواز:۔**

''سرنگ میں جانے کے بعد چُو لکھتی ہے:

''خُداوند اور میں ایک شاہراہ پر چلتے گئے جو پہاڑی کی چوٹی سے نیچے کو آتی تھی۔ آخر کار ہم، ایک مہیب سفید دروازے پر پہنچے جو بڑی سفید عمارت کے عین سامنے تھا۔ ہم دروازے میں سے گزرتے گئے اور سفید عمارت کی طرف بڑھے۔ ہم داخل ہوئے اور ایک لمبی راہداری سے گُزرتے ہوئے ایک بہت بڑے کمرے میں جا پہنچے۔ جس میں ہم داخلے ہوئے اور جب میں نے نیچے جھانکا، تو میں نے پہلی بار محسوس کیا کہ میں اُس سے مختلف لباس پہنے ہوئے ہوں جو میں نے ساحل پر پہنا ہوا تھا اور میں کوئی بھاری چیز اپنے سر پر محسوس کر رہی تھی۔ میں نے غور کیا اور اپنے سر پر ایک خوبصورت تاج میری جانکاری کے بغیر رکھے ہوئے پایا۔ پھر میں نے سیدھا خُداوند کی طرف دیکھا۔ وہ ایک تخت پر بیٹھا ہوا تھا اور اُس نے ایک بھڑکیلا لباس اور سنہرا تاج پہنا ہوا تھا۔ اور بھی وہاں میرے ساتھ تھے، فرش پر گھٹنے ٹیکے ہوئے، اُس کے سامنے سجدہ کرتے ہوئے۔ کمرے کی دیواریں بڑے چمکیلے پتھروں سے بنی ہوئی تھیں جو روشن تھے۔ مختلف رنگوں کے پتھر ایک ایسا تاثر دے رہا تھا جو کمرے کو گرم، شادمان اور اِس کے ساتھ ساتھ بھید سے بھرپور بنا رہا تھا۔ پھر، اُتنی جلدی ہی جتنی جلدی میں پہاڑ اور اُس سفید عمارت میں گئی تھی، میں نے اپنے آپ کو پھر ساحل پر پایا۔

**چُو تھامس کی آواز:۔**

سب سے پہلی بار اُس نے مُجھے اپنے تخت کا کمرہ دکھایا۔ پھر اِس کے بعد ہم عالم اقدس سے نیچے آئے اور پھر ہم دُنیاوی ساحل کی ریت پر بیٹھے ہوئے تھے۔ اور پھر وہ باتیں کرنے لگا، وہ فرمانے لگا، ہم محض آسمان کی بادشاہی میں گئے تھے۔ وہ جو وہاں آپائیں گے وہ تابعدار اور

پاک دل ہونگے اور وہ فرماتا ہے کہ خوشخبری کی مُنادی نہایت ضروری ہے اور پھر اُس نے کُچھ لمحوں کے لئے توقف کیا اور وہ فرماتا ہے کہ وہ جو دہ یکی نہیں دیتے وہ نافرمان مسیحی ہیں۔ یہ آخری الفاظ تھے جو اُس نے پہلے سفر پر کہے۔

**میزبان کی آواز:۔**

چُو سولہ مرتبہ اور آسمانی دورے پر گیا، ہر ایک دورے کے دوران وہ لکھتی ہے:۔

''اپنے تبدیل شُدہ بدن میں، میں خُداوند کے ساتھ ساحل پر چلتی تھی اور پھر وہ مُجھے آسمان پر لے گیا۔ہم موتیوں کی مانند دروازے میں سے چلتے ہوئے اور اپنے لباس تبدیل کرنے کے لئے سفید عمارت میں داخل ہوئے۔لباس تبدیل کرنے کے بعد،ہم سنہرے پل پر سے گزرتے گئے۔ یہ سب کُچھ میرے لئے اتنا قُدرتی بنتا جارہا تھا۔ ہر ایماندار، مُجھے یقین ہے اِسی عمل سے گُزرے گا جب وہ عالم اقدس کو جائیں گے۔

**چُو تھامس کی آواز:۔**

اِس کے بعد، وہ سولہ مرتبہ اور مُجھے عالم اقدس میں لے گیا۔ ہر بار جب وہ مُجھے وہاں لے گیا، اُس نے مُجھے مختلف چیزیں دکھائیں اور جب وہ مُجھے خاص چیزیں دکھاتا تھا، تو ہمیشہ وہ کہتا تھا کہ یہ میں نے اپنے فرزندوں کے لئے بنایا ہے اور میں جانتا ہوں کہ اُنہیں کیا پسند ہے۔ جیسے جب اُس نے مُجھے ساحل دکھایا اور کہا کہ اے میری بیٹی کہ کتنا خوبصورت یہ ساحل ہے، میں جانتا ہوں کہ میرے بچوں کو یہ پسند ہوگا اور جب وہ مُجھے ماہی گیری کے لئے لے گیا، یہ کہتے ہوئے کہ میرے بچوں کو ماہی گیری پسند ہے اِسی لئے میں نے اتنی چیزیں تیار کی ہیں کہ اُنہیں کیا پسند ہے اور میں جانتا ہوں کہ آسمان پر دُنیا سے ہزار بار زیادہ یہ خوبصُورت ہیں، لیکن بہت سی چیزیں جو دُنیا میں ہیں جیسے شاہرائیں، عمارتیں، درخت، جھاڑیاں، پتھر، پھول، بادشاہی سے باہر خالی جگہیں؛ وہاں بہت سے چیزیں تھیں لیکن وہ دُنیاوی چیزوں سے ہزار بار خوبصُورت، محض خوبصُورت تیں۔ آسمان کی خوبصُورتی بیان سے باہر ہے اور میں حتیٰ کہ بیان نہیں کرسکتی کہ کتنی خُوبصُورت وہ تھیں، محض خُوبصورت تھیں۔ اور پھر میں نے جانا کہ یسوع کتنا ہم سے ہر ایک کو پیار کرتا ہے۔ جس انداز سے وہ مُجھ سے بات کر رہا تھا وہ یوں کہہ رہا تھا کہ ''تم نے دیکھا میں کتنا اپنے بچوں سے پیار کرتا ہوں اور میں نے یہ سب چیزیں اپنے بچوں کے لئے کی ہیں'' تم جانتے ہو۔ اِسی لئے وہ مُجھے وہاں لے گیا تا کہ دکھا سکے کہ اُس نے اپنے بچوں کے لئے کیا تیار کیا ہے، پس ہر ایک کو جاننے دو کہ آسمان پر ہمارے لئے کیا انتظار کر رہا ہے، تا کہ اُس کے آنے سے قبل، وہ چاہتا ہے کہ سب مسیحی اِن باتوں کو جانیں، تا کہ وہ پُر جوش ہوں اور وہاں جائیں۔ اِسی لئے

میرا اعتقاد ہے کہ اُس نے مُجھے یہ چیزیں دکھائیں۔ اُس نے مُجھے سب کُچھ نہیں بتایا، آپ جانتے ہیں، مُکمل طور نہیں۔ اُس نے مُجھے محض چند خاص چیزیں دکھائیں، صرف چند الفاظ کہے، ضروری الفاظ جو اُس نے مُجھے کہے۔ یہ پیارا خُداوند ہے اپنے خُداوند کی تمجید کرو۔

**میزبان کی آواز:**

عالم اقدس کا تجربہ کروانے کے علاوہ، چُو کو دو بار دوزخ بھی دکھائی گئی۔

وہ دوزخ کی رویا کو یوں بیان کرتی ہے: میں اتھاہ گڑھے سے بخارات اور تاریک دھوئیں کو اُٹھتے ہوئے دیکھ رہا تھا۔ یہ آتش فشاں کے جوالہ مکھی کی مانند تھا اور اُس کے اندر میں شعلوں کو بہت سے لوگوں کو بھونتے ہوئے دیکھ سکتی تھی جو چلا رہے تھے اور اُس درد سے رو رہے تھے جو صرف وہی جان سکتا ہے جو حقیقتاً بھسم ہوا ہو۔

لوگ ننگے تھے، بغیر بالوں اور ایک دوسرے کے پاس کھڑے تھے، کیڑوں کی مانند حرکت کرتے ہوئے اور شعلے اُن کے بدنوں کو بھسم کر رہے تھے۔ اُن کے لئے کوئی بچاؤ نہ تھا جو اتھاہ گڑھے میں قید ہو چُکے تھے۔ اُس کی دیواریں اُن کے پھلانگنے کے لئے بہت گہری تھیں اور سارے کناروں پر آگ کے دھکتے کوئلے تھے۔

شعلے تمام اطراف سے غیر متوقع طور پر ختم ہو جائیں گے۔ لوگ وہاں سے ہٹ جائیں گے لیکن جیسے ہی وہ سمجھیں گے کہ وہ محفوظ ہیں ایک اور آگ آگے بڑھے گی۔ اِن بدقسمت گناہ کے متاثرین کے لئے کوئی آرام نہیں؛ اُنہیں ہمیشہ کے لئے ہلاک ہونے تک جلتے بھسم ہوتے وہاں رہنا تھا کیونکہ اُنہیں دوزخ کی آگ سے بچنے کی اجازت نہ تھی۔ ''یہ لوگ کون ہیں؟'' میں نے پوچھا۔ ''میری بیٹی، یہ لوگ مُجھے نہیں جانتے تھے''۔

**چُو تھامس کی آواز:**

عالم اقدس میں اُس نے جو کُچھ بھی مُجھے دکھایا وہ نہایت ہی دلچسپ اور عُمدہ تھا لیکن بعد میں اُس نے مُجھے دوزخ دکھائی۔ وہ مُجھے دوزخ کو لے گیا، پہلی چیز جو مُجھے وہاں دکھائی دی وہ سب آگ تھی، لیکن وہ نہایت گہرا، تاریک اور لا متناہی گڑھا تھا۔ لوگ ننگے تھے، بغیر بالوں کے۔ اُن کے کوئی بال نہ تھے، اور نہ ہی اُنہوں نے کوئی کپڑے پہن رکھے تھے، وہ سب ننگے جسموں کے ساتھ تھے۔ وہ ایک دوسرے کے اتنے نزدیک کھڑے تھے۔ یوں لگتا تھا جیسے وہ، وہ ایک دوسرے کو دھکیل رہے تھے کیونکہ وہ آگ سے پرے ہٹنا چاہتے تھے ہر بار جب وہ حرکت

کرتے تھے تو آگ اُن کا پیچھا کرتی تھی، آگے پیچھے، آگے پیچھے، ساری جگہ محض آگ تھی اور لوگ ایک دوسرے کے اتنے نزدیک کھڑے تھے۔ وہ نہایت درد میں اُداس دکھائی دیتے تھے اور میں اُن کے لئے روئے بغیر نہ رہ سکی۔ پھر وہ مُجھے دوسری بار وہاں لے گیا اور میں نے وہی لوگ دوبارہ دیکھے۔ پھر میں آوازیں سُنیں اور اُس طرف دیکھا تو وہاں بہت سے اشراف تھے۔ اور یہ ایک خاتون، وہ میری طرف ہاتھ ہلا رہی تھی یہ کہتے ہوئے کہ بہت گرم ہے بہت گرم ہے۔ میں نے اُس کے رونے کو دیکھا۔ میں نے ایسا درد پہلے کبھی نہ دیکھا تھا ایسا درد ۔ میں نہیں جانتی تھی کہ کیا کروں۔ اور وہ یہی کہتی رہی کہ گرم، گرم اور میری طرف ہاتھ ہلاتی رہی۔ اور جس انداز سے میں نے اُسے دیکھا تھا وہ چاہتی تھی کہ میں نیچے جا کر اُس کی مدد کروں۔ پھر میں نے دوسرے لوگوں کو دیکھا، وہاں میرا باپ، میری سوتیلی ماں، میرا نوجواں بھتیجا وہ نہایت کم عمری میں مر گیا تھا اور دو دوست اور تھے جنہیں میں جانتی تھی۔ اُف، یہ نہایت ہی درد بھری یاداشت تھی اور میں روتی رہی، روتی رہی ، روتی رہی، پھر خُداوند یسوع نے مُجھے کہا، ''بیٹی، تُمہیں یہ دکھانے کا بھی ایک سبب تھا، لیکن میں تُمہیں ضرورت سے زیادہ دُکھ دے رہا ہوں''۔ میں نے اُس سے کہا، خُداوند، میری ماں، وہ تو کم عمری میں ہی فوت ہو گئی تھی، وہ ایک لمبے عرصے کے لئے بیمار رہی تھی۔ اور میرا نہیں خیال کہ وہ بُری عورت تھی۔ وہ کہتا ہے کہ چاہے کوئی کتنا ہی اچھا کیوں نہ ہو، اگر وہ مُجھے نہیں جانتا تو وہ اِسی جگہ آئے گا۔ لیکن اپنے دل میں میں کہہ رہی تھی، تُم مُجھے کیوں دُکھ دینے کے لئے یہ سب دکھا رہے ہو۔ میں نے اِس کے بارے میں سوچا لیکن میں کبھی بھی اُس پر غُصہ نہ کر سکی۔ میں اُس کا چہرہ نہیں دیکھ سکتی تھی لیکن میں بتا سکتی ہوں کہ وہ بھی میرے ساتھ رو رہا تھا۔ میں محض اِسے محسوس کر سکتی تھی۔ وہ نہایت اداس دکھائی دے رہا تھا، پھر اُس نے میرے سر کو چھوا، میرا ہاتھ پکڑا، اور ہم وہاں سے چلتے ہوئے باہر آ گئے اور میں سارا وقت رو رہی تھی جب ہم باہر آ رہے تھے۔ کتاب میں، میں نے ہر ایک تفصیل کی وضاحت کی ہے، پس، پھر، اگلی بار اُس نے مُجھے ایک اور افسوسناک چیز دکھائی۔ یہ اسقاط حمل والے بچے تھے۔ وہ مُجھے اُس ایک جگہ پر لے گیا، یہ ایک وسیع عمارت تھی۔ وہ کسی اسٹور کی مانند لگتی تھی۔ جب ہم اُس میں داخل ہوئے، تو وہاں مُجھے بہت سے ننھے بچے دکھائی دیئے۔ چھوٹے چھوٹے ننگے بچے۔ اور وہ ایک دوسرے کے پاس لیٹے ہوئے تھے ۔ اور میں زار و قطار رونے لگی۔ خُداوند، یہاں اتنے بچے کیوں ہیں۔ اُس نے کہا، یہ سب اسقاط حمل والے بچے ہیں۔ میں نے کہا، آپ اُن کے ساتھ کیا کرو گے۔ وہ کہنے لگا اگر اِن کی مائیں نجات یافتہ ہونگیں تو وہ عالم اقدس میں آ جائیں گی اور اپنے بچے پائیں گی۔ پس، یہ ایسے تھا۔

**میزبان کی آواز:**

عالم اقدس کو اپنے سترہواں دورے پر جاتے ہوئے یسوع نے چُو کو بتایا کہ یہ اُس کا عالم اقدس کو آخری دورہ ہوگا۔ اِس پر وہ لکھتی ہے:

''اُس کے الفاظ نے مُجھے ہلا کر رکھ دیا، میرا دل درحقیقت میرے خُداوند سے پیار کیلیئے درد میں تھا۔ وہ کھڑا ہوا اور میں جانتی تھا کہ اب وقت ہوا چلا ہے کہ ہم کوش کریں۔ میں روتی رہی، لیکن میرا دل اِس علم کی یقین دہانی کے ساتھ تھا کہ میں ہمیشہ کے لئے خُداوند کے ساتھ ہونگی اور کہ وہ میرے ساتھ ہمیشہ دُنیا میں رہے گا۔ ڈریسنگ روم میں خُداوند کا ایک فرشتہ میرے گلے ملا۔ ایسی جگہ پر ہونا کتنا خوشی کا باعث تھا جہاں اتنی محبت، پیار، اور جانکاری ہمیشہ کے لئے موجود تھی۔ جب میں نے اپنا لباس تبدیل کیا، تو مُجھے اندازہ ہوا کہ دونوں ابراہام اور فرشتہ جانتے تھے کہ یہ میرا عالم اقدس کا آخری دورہ تھا۔ جیسے ہی میں لباس تبدیل کرنے کے کمرے سے باہر نکلی، فرشتہ میرے ساتھ ایک بار پھر بغلگیر ہوا۔ اِس فرشتے کے سنہرے بال تھے، اور اُس نے سفید لبادہ زیب تن کیا ہوا تھا اور چہرہ جو نہایت پیارا اور تابناک تھا۔ فرشتہ میری طرف دیکھ کر مُسکرایا جب میں خُداوند کی طرف چلتے ہوئے گئی۔

**چُوتھامس کی آواز:۔**

جب خُداوند یسوع مُجھے ستارہویں بار آسمان پر لیکر گیا۔ اُس نے مُجھے بادل دکھائے۔ اور یہ میرے آسمانی دوروں کا اختتام تھا۔ خُداوند یسوع نے مُجھے بتایا کہ یہ آخری بار تُم یہاں آئی ہو۔ اور میں ضرور تُمھیں آخری دن یہاں لاؤں گا۔ میں نے یوں محسوس کیا جیسے میں جانتی ہوں کہ یہ آخری دن تھا۔ اور میں نے رونا شروع کر دیا کیونکہ میں وہاں سے نہیں آنا چاہتی تھی میں نے اُس کا بازو تھاما ہوا تھا اور میں نے کہا خُداوند، پلیز مُجھے مت جانے دو، میں نہیں جانا چاہتی کیونکہ میں یہاں بار بار آنا چاہتی ہوں۔ یہ میرے لئے بہت افسردہ عمل تھا کیونکہ میں وہاں پھر نہیں جاسکتی کیونکہ جب بھی میں اُس کے ساتھ عالم اقدس میں گئی، میں نے اُداس باتیں دیکھی، لیکن شادمانی امن۔ میں کبھی بیان نہیں کر سکتی، میں کبھی اُس شادمانی کو بیان نہیں کر سکتی اور سلامتی جو مُجھے وہاں ملی۔ حتی کہ اور بھی افسردہ، کہ میں ابھی بھی وہ شادمانی اور سلامتی رکھتی تھی۔ اتنی محبت، میں اِس کے لئے کئی دنوں تک روتی رہی۔

**میزبان کی آواز:۔**

بائبل اُس دن کی بات کرتی ہے جب یسوع مسیح اپنی کلیسیا کے لئے دوبارہ آئے گا۔ پہلے تھسلنیکیوں 16:4۔17 میں یوں مرقوم ہے: ''کیونکہ خُداوند خود آسمان سے للکار اور مُقرب فرشتہ کی آواز اور خُدا کے نرسنگے کے ساتھ اُتر آئیگا اور پہلے تو وہ جو مسیح میں مُوئے جی اُٹھینگے۔ پر ہم جو زندہ باقی ہونگے اُنکے ساتھ بادلوں پر اُٹھائے جائینگے تاکہ ہوا میں خُداوند کا استقبال کریں اور اِس طرح ہمیشہ خُداوند کے ساتھ رہینگے''۔ یہ خُداوند میں جی اُٹھنے کی قیامت کہلاتی ہے۔

**چُوتھامس کی آواز:۔**

اِن سب کے بعد، چند ہفتوں کے بعد، خُداوند یسوع اپنے اور میرے روحانی بدن کے ساتھ مُجھے ساحل پر لے گیا۔اور ہم معمول کی جگہ پر بیٹھے، پھر ہم کُچھ دیر کے لئے باتیں کرتے رہے۔اُس نے مُجھے بتایا کہ وہ مُجھے کُچھ دکھائے گا۔جس لمحے اُس نے یہ کہا تو میں رویا کی آواز سُنی۔جب بھی وہ مُجھے کوئی خاص بات دکھانے لگتا تھا تو میں خاص رویا کی آواز سُنتی تھی اور جو میں اپنے اندر سے سُنتی تھی۔یہ بہت بُلند تھی اور اِس رویا کی آواز نے سُنائی دینے میں بہت وقت لیا۔پھر میں نے شور وغوغا سُنا، بہت زیادہ بُلند شور وغوغا۔میں نے محسوس کیا کہ ساری دُنیا نیچے آرہی ہے، اتنا بُلند ،صرف خوفناک آوازیں تھیں۔پھر میں نے دیکھا تمام ہوا سفید تھی۔لوگ سفید لبادوں میں ہر طرف اُڑ رہے تھے ،لوگ باہر نکل رہے تھے، باہر نکل رہے تھے، پھر باہر نکلنے غائب ہو گئے،لوگوں سے بھرے۔پھر میں جانتی تھی کہ یہ جلالی جی اُٹھنے کی قیامت تھی، میں ہنسی کر رہی تھی، خُوشی سے چلا رہی تھی، رو رہی تھی اور بہت شادمان تھی اور میں نے اپنی پوتی کو دیکھا، وہ صرف دس ماہ کی تھی، اُس کے بال نہ تھے، اچانک وہ کمرے کے اندر سے کھڑکی کے راستے اُڑتی ہوئی نکلی۔پھر سفید لباس کے ساتھ اُس کے بال بھی کندھوں تک آ گئے۔آپ اندازہ کر سکتے ہیں میں کتنا خوش تھی۔اگلے لمحے، میں نے اپنی دوسری پوتی دیکھی وہ صرف چار برس کی تھی اُس کے بھی بال نہیں تھے۔وہ بھی کھڑکی میں سے اُڑتی ہوئی نکلی، پہلی کی مانند،سفید لباس کے ساتھ۔اور اُس کے بال بھی اُس کے کندھوں تک آ گئے۔میں چلا رہی تھی، شادمان تھی اور خوش تھی، میں کبھی بھی اتنا خوش نہیں ہوئی تھی، پورا گھر مُجھے سُن سکتا تھا۔اچھی بات یہ تھی کہ میرا خاوند گھر پر نہیں تھا، اگر وہ گھر ہوتا تو وہ یقیناً یہ سمجھتا کہ شاید مُجھے کُچھ ہو گیا ہے۔اور اِس کے بعد خُدا نے مُجھے مختلف مناظر دکھائے۔یہ منظر بہت اداس کرنے والا تھا۔یہ خوفناک تھا۔

**میزبان کی آواز:۔**

بائبل جلد ہی جلالی جی اُٹھنے کے بعد بڑی مُصیبت کی گھڑی کی بھی بات کرتی ہے۔متی 24: 21-22 میں یسوع فرماتا ہے: ''کیونکہ اُس وقت ایسی بڑی مُصیبت ہوگی کہ دُنیا کے شروع سے نہ اب تک ہوئی نہ کبھی ہوگی۔اور اگر وہ گھٹائے نہ جائے تو کوئی بشر نہ بچتا۔مگر برگزیدوں کی خاطر وہ گھٹائے جائینگے''۔یہ بڑی مُصیبت کہلاتی ہے۔

**چُوتھامس کی آواز:۔**

خیر، اِس کے بعد، خُداوند یسوع مسیح نے مُجھے ایک اور رویا دکھائی۔یہ باقی رہ جانے والے لوگوں کے بارے میں تھی۔میرا اعتقاد ہے کہ اُن

میں بہت سے مسیحی بھی تھے۔اسی لئے وہ بھاگ رہے تھے؟ اگر وہ مسیحی نہ ہوتے تو وہ نہ بھاگتے، آپ جانتے ہیں۔لیکن پولیس ہر جگہ تھی، لوگ ہر طرف تھے اور وہ صرف بھاگ رہے تھے، خوف زدہ اور مُرجھائے ہوئے چہروں کے ساتھ، اپنی کار کی طرف بھاگتے ہوئے، اپنی کشتی کی طرف بھاگتے ہوئے، پہاڑوں کی طرف بھاگتے ہوئے، وہ بالکل نہیں جانتے تھے کہ کہاں جائیں، جیسے کوئی اُن کا پیچھا کر رہا ہو، آپ جانتے ہیں کوئی بدروح یا کوئی اور چیز۔اتنا خوفناک، آپ جانتے ہیں کتنا ہولناک، ڈراونا وہ منظر تھا۔اور اِس کے بعد خُداوند یسوع ،اُس نے مُجھے بتایا کہ جو کُچھ تُم نے ابھی دیکھا، اُس گھڑی اِس سے بھی زیادہ ہولناک ہوگا جب وہ گھڑی آئے گی۔اور اِس کے بعد، اُس نے مُجھے بتایا کہ اُس کے سب لوگ جلالی بدن کے ساتھ جی اُٹھیں ہیں۔شیطان اِس دُنیا پر غالب آجائے گا اور وہ چاہتا ہے کہ ہر ایک اُس کا عدد 666 لے۔اور کوئی اُسے لینے سے انکار کرے گا تو اُس کی گردن ماری جائے گی۔پس، جو کوئی حیوان کا نشان عدد 666 لینا نہیں چاہے گا، وہ اپنا دل یسوع کو دے گا اور وہ اُس کے ساتھ ہمیشہ ہمیشہ کیلئے رہنا چاہتا ہے۔مُکاشفہ 4:20۔اور پھر جو کوئی حیوان کا نشان عدد 666 لے گا اُسے آگ کی جھیل میں ہمیشہ ہمیشہ کیلئے ڈال دیا جائے گا اور وہ وہاں دن اور رات جلتے رہیں گے اور اُنہیں کوئی آرام نہ ہوگا۔ مُکاشفہ 11:14۔پس ہر کسی کو اِن باتوں کے بارے میں جاننا چاہیئے اور یاد رکھنا چاہیئے، اگر گردن ماری جائے گی تو یہ کوئی آسان طور نہیں ہوگا۔اُنہیں ہلاک کئے جانے سے قبل اتنی اذیت دی جائے گی کیونکہ شیطان اُنہیں آسانی سے جان نہیں دینے دے گا۔پس، جو کوئی اِس پیغام کو سُنے، مہربانی سے اگر آپ خُداوند یسوع سے قُربت نہیں رکھتے، تو مہربانی سے اپنے مستُقبل کی نجات کے بارے میں کُچھ کریں۔ اِس کے علاوہ اگر آپ پیچھے بھی رہ جاتے ہیں تو چاہے کُچھ بھی ہو، کبھی بھی حیوان کا نشان عدد 666 مت لینا۔یہ بہتر ہے کہ کُچھ دیر کے لئے اذیت اُٹھائی جائے بجائے اِس کے کہ ہمیشہ ہمیشہ کے لئے جہنم کی آگ میں بھسم ہوں اور مہربانی سے جو میں کہہ رہی ہوں اِسے سنجیدگی سے لیں۔

**میزبان کی آواز:۔**

کتاب ’’عالم اقدس اتنا حقیقی ہے‘‘ اِس وقت بہت سی زبانوں میں ترجمہ ہو رہی ہے اور پوری دُنیا میں تقسیم ہو رہی ہے۔اِس کتاب کا ایم پی 3 ورژن بھی دستیاب ہے جو آن لائن خریدا جاسکتا ہے۔

**چُو تھامس کی آواز:۔**

خیر، کتاب بہت تہلکہ مچا رہی ہے۔اور یہ کتاب ایک عالمگیر شہرہ آفاق ہے۔خُداوند نے ڈاکٹر یونگی چُو کو اِس کتاب کے لئے استعمال کیا اور اُس نے اِس کتاب کا ترجمہ کیا۔اُسے ترجمہ میں تقریباً دو ماہ لگے، عموماً چھ سے سات ماہ لگتے ہیں۔پس جس دن یہ کتاب شائع ہوئی اور یہ

کوریا میں گئی اور وہاں سب سے زیادہ فروخت ہونے والی کتاب ہے اور قادر مُطلق خُدا اڈاکٹر یونگی ٗو کو نہایت ہی اعلیٰ انداز میں استعمال کرر ہا ہے۔ اُس کی کلیسیا میں تقریباً آٹھ لاکھ ممبران ہیں ہیں، پس خُدا اُسے اِس کتاب کے لئے استعمال کرر ہا ہے، اُس نے اُسے اِس کتاب کے لئے چُنا۔ خُداوند تیرا شُکر ہو، اور کتاب ہمارے خُداوند یسوع کی آخری گھڑی کی کتاب ہے۔ وہ چاہتا ہے کہ سب مسیحی اِس کتاب کو پڑھیں اور دوسروں کو گواہی دیں اور یہی بہت سے لوگ کرر ہے ہیں جب وہ ایک کتاب خریدتے ہیں تو وہ درجنوں خریدتے ہیں، وہ سینکڑوں خریدتے ہیں اور وہ کہتے ہیں کہ یہ بائبل کے علاوہ سب سے بڑی گواہی کی کتاب ہے، اور پھر میں بہت سے ای میل وصُول کرتی ہوں۔ میرے پاس اپنے لئے کوئی وقت نہیں ہوتا۔ اور خاصکر جب میں ننھے بچوں، کوئی بارہ تیرہ سال کے بچوں کی ای میل پڑھتی ہوں۔ وہ کہتے ہیں کہ وہ اِس کتاب سے بہت پیار کرتے ہیں، وہ یسوع سے پیار کرتے ہیں وہ اِسے یسوع کی کتاب کہتے ہیں اور وہ اِس کتاب سے تبدیل ہو گئے ہیں۔ اُن میں سے کُچھ کہتے ہیں کہ میں اسکول چھوڑ دینا چاہتا ہوں اور خُدا کا کام کرنا چاہتا ہوں۔ میں اُن سے کہتی ہوں کہ اپنا اسکول مت چھوڑو۔ آپ کو پڑھنا ہوگا، خُدا چاہتا ہے کہ آپ تعلیم حاصل کریں۔ آپ کو پتہ ہے میں اُنہیں یہی کہتی ہوں۔ لیکن جو کُچھ بھی آپ کرو میں اُن سے یہ کہتی ہوں کہ خُدا کو سرفہرست رکھو۔ جب میں اُن کی ای میلز کا جواب دیتی ہوں تو وہ بہت خُوش ہوتے ہیں۔ آپ کو معلوم ہے کہ ہزاروں ہزار زندگیاں اِس کتاب کے سبب تبدیل ہو رہی ہیں کیونکہ یہ یسوع کی کتاب ہے اور اُس نے اِس کتاب کے لئے اپنے وعدے ابتدا سے انتہا تک پورے کئے ہیں۔ اُس نے مُجھے کہا کہ وہ ہر ایک بات کا خیال رکھے گا ابتدا سے آخر تک، میں نے کہا، ٹھیک ہے، میں کئی باتوں کے بارے میں پریشان تھی، آپ کو معلوم ہے اُس نے مُجھے کہا تُم کیوں پریشان ہو یہ میری کتاب ہے میں اِس کا خیال رکھوں گا۔ اُس نے مُجھے یہ کہا لیکن اُس نے واقعی شروع سے آخر تک ہر بات کا خیال رکھا۔ جو کوئی اِس کتاب کو پڑھتا ہے، وہ جانتا ہے کہ یہ یسوع کی کتاب ہے اور یسوع واقعی ہر بات کا خیال رکھتا ہے۔ پس، اُس نے اِس کتاب کے بارے میں اپنے سارے وعدے پورے کئے۔ پس جو بات رہ گئی ہے وہ میری ڈانسنگ منسٹری ہے۔ اُس نے میری ڈانسنگ منسٹری کو تین سال تک تربیت دی؛ یہ پاک رقص ہے۔ پھر میں گرجا گھر میں دو سال حمد وثنا کا رقص کرتی رہی۔ اب کوئی ساڑھے تین سال ہو گئے ہیں میں اُس کا انتظار کر رہی ہوں۔ انتظار کرنا خُدا کی خدمت کرنے سے زیادہ مُشکل کام ہے۔ آپ جانتے ہیں، میں نے اِس کتاب کے شائع ہونے سے قبل سات برس تک انتظار کیا۔ کبھی کبھار میں خیال کرتی تھی کہ پتہ نہیں کب وہ کتاب کو شائع کروائے گا، لیکن اُس نے اپنے الفاظ کو پورا کیا، آپ دیکھ سکتے ہیں۔

**میزبان کی آواز:۔**

اُس کے آسمانی سفر کے آخر میں یسوع چُو سے ایک خاص وعدہ کرتا ہے۔

**چُوتھامس کی آواز:۔**

خیر اِن دوروں کے آخر میں، بعد میں نے کتاب کے نسخے کی جانچ پڑتال کی۔ پھر وہ مُجھے دُنیاوی ساحل پر لے آیا، اور ہم نے چند ایک گھنٹے گُزارے۔ اُس نے مُجھے بتایا کہ وہ ہر سوموار کو مُجھے وہاں لے جایا کرے گا۔ یہ ستائیس مئی 1996 تھا۔ تب سے اُس نے کبھی بھی ناغہ نہیں کیا۔ وہ مُجھے جلالی بدن کے ساتھ ہر سوموار کو لے جاتا تھا۔ وہ مُجھے ہر سوموار کی صُبح کو بارہ بجکر چند منٹوں پر جگاتا تھا۔ وہ میرے بدن کو تیس منٹ کے لئے ہلاتا تھا، پورے تیس منٹ؛ نہ کبھی کم، اور نہ کبھی زیادہ اور اُس کی حضُوری ظاہر ہوتی تھی اور اُس کے روحانی بدن کے ساتھ، میرا روحانی بدن اور ہم ساحل پر جاتے تھے۔ اور پھر، جب ہم وہاں جاتے تھے، آپ کو معلوم ہے وہ زیادہ تر باتیں کیا کرتے تھے اور میں سُنتی تھی۔ پھر میں گاتی تھی، میں اپنے روحانی بدن کے ساتھ ناچتی تھی اور اب یہ میری زندگی کا بہترین موقعہ ہوتا ہے۔

**میزبان کی آواز:۔**

یہ سبب کہ یسوع کیوں صلیب پر موا کیونکہ یوحنا3:16 کہتا ہے: کیونکہ خُدا نے دُنیا سے ایسی محبت رکھی کہ اُس نے اپنا اکلوتا بیٹا بخشدیا تا کہ جو کوئی اُس پر ایمان لائے ہلاک نہ ہو بلکہ ہمیشہ کی زندگی پائے۔

اِس لئے رومیوں 10:9 کے مُطابق: کہ اگر تو اپنی زبان سے یسوع کے خُداوند ہونے کا اقرار کرے اور اپنے دل سے ایمان لائے کہ خُدا نے اُسے مُردوں میں سے جلایا تو نجات پائیگا۔

**چُوتھامس کی آواز:۔**

خیر، میں بہت سے لوگوں کو یہ کہتے ہوئے سُنتی ہوں "موت کے بعد کی کیا فکر"، ہنستے ہوئے، اِس طرح کی باتیں، آپ کو معلوم ہے۔ پھر میں کہتی ہوں، آپ بہتر ہے مرنے کے بعد کی فکر کرو۔ یہی وہ گواہی تھی جو میں دی رہی تھی۔ جب آپ مر جاتے ہو تو آپ صرف دو جگہوں پر جاؤ گے، عالم اقدس میں یا جہنم میں۔ وہ کہتا ہے، کسے مرنے کے بعد کی فکر ہے۔ وہ اِس طرح باتیں کرتے ہیں جیسے وہ مرنے کے بعد کے بارے میں کُچھ نہیں جانتے۔ میں کہتی ہوں، آپ کو بہتر ہے کہ مرنے کے بعد کی فکر کرنی چاہئے کیونکہ کیوں؟ حتیٰ کہ آپ مر جاؤ گے، آپ کا جسم مر جائے گا، آپ کی روح، آپ کی جان کبھی نہیں مرے گی۔ اِسی لئے آپ کو دُکھ، خوشی، شادمانی، سب کُچھ یاد رہے گا بالکل اُسی طرح جس طرح جب آپ زندہ تھے۔ پس، وہ پھر بھی یقین نہیں کرتے، وہ مُجھ پر غُصے ہوتے ہیں۔ میں کہتی ہوں، مُجھے اُمید ہے کسی دن آپ یاد

کرو گے جو میں کہہ رہی ہوں۔ کیا آپ یسوع کو جانتے ہو؟ وہ کہتے ہیں، ہم خُدا کو جانتے ہیں۔ میں کہتی ہوں۔ٹھیک ہے یسوع خُدا ہے۔ وہ باپ ہے۔ وہ پاک روح ہے۔ وہ سب کُچھ ہے۔ اگر آپ یسوع کو نہیں جانتے، تو آپ کا خُدا کو جاننا آپ کو عالم اقدس میں نہیں لے جائیگا۔ میں باتیں کئے جاتی ہوں کئے جاتی ہوں اور وہ سُننا نہیں چاہتے، اُن میں سے زیادہ تر لوگوں کو، میں محض اُن کو یہ کہتی ہوں، خیر، آپ اب یقین کرنا نہیں چاہتے، مُجھے اُمید ہے ایک دن، آپ یقین کرو گے۔ اور میں باتیں کئے جاتی ہوں، کئے جاتی ہوں، اِس سے کوئی فرق نہیں پڑتا کہ وہ نجات کے اِس پیکج کو قبول کریں یا نہ کریں۔ آپ کو معلوم ہے میں کیا کہتی ہوں، میں کہتی ہوں، ٹھیک ہے آپ اِس نجات کے پیکج کو نہیں لینا چاہتے تو ٹھیک ہے ایک دن تُم جانو گے کہ خُدا کے سب لوگ جلالی بدن کے ساتھ جی اُٹھے ہیں، تب تُم جانو گے میں اب کیا کہہ رہی ہوں۔ لیکن میں آپ سے کہتی ہوں وقت آئے گا، تُم 666 کا عدد مت لینا۔ اگر تُم وہ لو گے تو تُم ہمیشہ ہمیشہ کے لئے جہنم کی آگ میں جلو گے۔ پس، مہربانی سے، کبھی بھی 666 کا عدد مت لینا۔ کیا آپ مہربانی سے یاد رکھو گے؟ آپ کو معلوم ہے اُن میں سے کُچھ کہتے ہیں ٹھیک ہے، میں یہ بہت سے لوگوں کو کہتی ہوں۔

کوئی بھی جس نے پہلے کبھی نجات کی دُعا نہ پڑھی ہو گی، میں پڑھنا چاہوں گی۔ مہربانی سے میرے پیچھے پڑھیں۔ خُداوند یسوع، میں یقین رکھتی ہوں کہ آپ خُدا کے بیٹے ہو، اور آپ میرے لئے موئے۔ مہربانی سے میرے دل میں آئیں اور میرے خُداوند اور نجات دہندہ بنیں۔ میں آپ سے مانگتی ہوں کہ آپ میرے سب گناہ مُعاف کر دو اور مُجھے اپنے بیش قیمت خُون سے پاک کر دو، اور اس لمحے سے لیکر میری زندگی کے ہر معاملے پر غالب آؤ۔ یسوع، مُجھے اپنے پاک روح سے معمور کر دو اور مُجھے قوت بخشو تا کہ میں تیرے جلال کے لئے استعمال ہو سکوں۔ میں آپ سے مُحبت کرنا چاہتی ہوں، خدمت کرنا چاہتی ہوں اور اپنی زندگی کے سارے ایام میں تابعداری کرنا چاہتی ہوں اور دوسروں کی زندگیوں میں تبدیلی لانا چاہتی ہوں۔ اے باپ: مُجھے اپنی بیٹی بنانے کا شُکریہ۔ یسوع کے پاک نام میں، آمین، ہیلیلویاہ۔ جو کوئی میرے ساتھ اِس دُعا کو پڑھے گا، وہ مہربانی سے گرجا گھر جائے، کانوں سے خُدا کے کلام کو سُنے اور ہر روز بائبل مُقدس پڑھے۔ ہر روز کئی بار پڑھے اور یسوع سے تعلق رکھے۔ شُکریہ، آمین، ہیلیلویاہ۔

**میزبان کی آواز:۔**

چُوتھامس منسٹری کی جانب سے ہمارا شو دیکھنے کا شُکریہ۔ ''عالم اقدس اتنا حقیقی ہے'' کتاب میں، یسوع نے فرمایا کہ ہمارے تصور سے بھی قبل، وہ اپنی کلیسیا کے لئے واپس آ رہا ہے، پس تیار ہو جائیں اور آئیں اپنے خُدا کی سب تمجید کریں۔